Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۵۱	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۸ ربیع الاول ۱۳۳۸ھ مطابق ۲۲ دسمبر ۱۹۱۹ء	جلد ۳۱

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
	تقرر نیاز بہادر خان بجائے جمیل احمد خان سپرنٹنڈنٹ فونڈری ...	۱
	رخصت محمد داؤد جمعدار اجلاس ہمایون ...	
۳	معائنہ دفتر ٹریژری اسٹیٹ ٹیکٹریز ...	۲
۴	نقشہ نرخنامہ اجناس نہین آیا۔	

ملخص حسب حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

تقرر

۱۱ دسمبر ۱۹۱۹ء

بربنائے رپورٹ منیجر صاحب اسٹیٹ فیکٹریز حسب سفارش صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر تقرر نیاز بہادر خان ولد غلام حیدر خان بمشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار ۱۸ دسمبر ۱۹۱۹ء سے بجائے جمیل احمد خان سپرنٹنڈنٹ فونڈری برخاست شدہ منظور فرمایا گیا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۹ دسمبر ۱۹۱۹ء

رخصت مزید ۱۵ یوم محمد داؤد جمعدار اجلاس ہمایون بوضع کل تنخواہ بوجہ علالت منظور ہوئی

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۲ دسمبر ۱۹۱۹ء

اسٹیٹ فیکٹریز کے دفتر انگریزی اکاونٹنٹ افس کا معائنہ کیا گیا۔ دفتر انگریزی نہایت پریشان حالت مین ہے۔ نہ کسی معاملہ کا کوئی مکمل فایل ہے۔ نہ جو کاغذات موجود ہین وہ باقاعدہ مرتب۔ نہ کوئی قابل رجسٹری انگلش کلرک ابتک نے ملازم ہو۔ وہ بہی ترتیب دفتر کے کام سے ناواقف معلوم ہوتا ہے۔ چونکہ فیکٹری ایک تجارتی صیغہ ہے۔ اور بیرونجات سے خرید و فروخت کے متعلق بہت خط و کتابت ہوتی ہے اور وہ اہم چیز ہے جس کا محفوظ رہنا ضروری ہے۔ اب دفتر کی حالت ایسی ہے کہ موجودہ انگلش کلرک کسیطرح اوسکو باقاعدہ ترتیب نہین دیسکتا اسکیلئے ایک ہوشیار تجربہ کار شخص کی ضرورت ہے جو پہلی دفتر کی ترتیب بہی دے سکے اور آیندہ کیلئے طریقہ و ترتیب مسلہ وغیرہ بہی باقاعدہ جاری کرادی۔ اس کا انتظام زیر تجویز ہے۔ اکاونٹنٹ افس کی حالت یہ ہے کہ دفتر اکاونٹنٹ کا کمرہ تنگ ہے۔ تمام رجسٹر اور فارم اور کاغذات ردی کے ڈہیر کیطرح پڑے ہوئے ہین کسی رجسٹر کی ضرورت ہو تو بہت وقت تلاش مین ضائع ہوتا ہے۔ کمرہ کی پشت کی جانب صرف آئیندہ کے کیواڑ و نکی کہڑکیان ہین اور اسوجہ سے کمرہ غیر محفوظ حالت مین ہے منیجر صاحب سے زبانی کہدیا گیا ہے کہ اکاونٹنٹ افس کے لئے کوئی محفوظ اور کافی گنجایش کا کمرہ تجویز کر دیا جائے رجسٹر حسابات بہی دیکہے گئے حسب ذیل رجسٹر اکاونٹنٹ کے پاس ہین (۱) کیش بک اردو جسمین واقعی آمدنی و خرچ، رقم نقد درج کیا جاتا ہے اور روزانہ اسکی میزانین دیکر بقایا گرا دیجاتی ہے۔ (۲) انگلش کیش بک جسمین نقدی کا آمد و خرچ ہی لکہا جاتا ہے۔ اور حسابی لین دین بہی لکہا جاتا ہے۔ (۳) اپینڈیچر اسٹیٹمنٹ بک جسمین کل خرچ فیکٹری کا لکہا جاتا ہے (۴) لیجر جسمین کہاتہ دار ہر شخص کا حساب یعنی ہر ایک مالیت فیکٹری کی مثلاً مشینری اسٹور و اسٹاک وغیرہ کی قیمت کے بہی کہاتہ ہوتے ہین (۵) سیلس ڈے بک جسمین روزانہ کی بکری لکہی جاتی ہے یہ رجسٹر ہر ہر فیکٹریز کے علیحدہ علیحدہ ہین اڈیٹر نے اپنی رپورٹ مین جو طریقہ حساب مین نقصانات دکہائے تہے اور جن رجسٹرونکا جسطرح مرتب کرنا ضروری لکہا تہا اوسکی نقل اور ترجمہ ۵ ستمبر ۱۹۱۵ء کو اجلاس ہذا سے اسٹیٹ فیکٹریز کو بہیجدیا گیا تہا اور ایک کاپی رپورٹ کی اکاونٹنٹ کے پاس بہی موجود ہے۔ اور تاکید کی گئی تہی کہ حسابات اور رجسٹر حسابات موافق ہدایات اڈیٹر مرتب کرائے جائین لیکن جنرل رجسٹر کا تو وجود ہی نہین ہے۔ وہی پرانا طریقہ پر حساب چل رہا ہے جسمین اکثر نقصانات اڈیٹر نے نکالے ہین پنسل سے میزانین دیجاتی ہین جسکی اڈیٹر نے ممانعت کی ہے۔ نیز اوس پرانے طریقہ پر بہی رجسٹر مکمل نہین ہین انگلش کیش بک ایک طرح اور رجسٹر اکاونٹنٹ کا معلوم ہوتا ہے تاہم وہ مکمل نہین ہے یکم جولائی ۱۹۱۵ء سے ابتک مجرو شدہ جمع خرچون کی رقم بجائے خرچ مزدوات درج نہین کی گئے۔ لیجر مین خزانہ کے دو کہاتے ہین ایک مین کل رقم جو خزانہ سے آتی ہے۔ درج کیجاتی ہے۔ ابتک اس دوسرے کہاتہ مین کوئی اندراج نہین ہوا ہے ممکن ہے اگر زیادہ تفصیل سے جانچ کیجائے تو اور امور بہی نامکمل برامد ہون ہیڈ اکاونٹنٹ اسمین شک نہین کہ محنتی اور ہوشیار ہے اڈیٹر نے بہی اوسکے محنتی اور واقف کار ہونے کا اعتراف کیا ہے مگر علاوہ حسابات کی نگرانی اور تکمیل کے وہ دیگر غیر متعلق کامون مین زیادہ وقت صرف کرتا ہے بہت ضروری ہے کہ اوسکو محض حسابی کام کیلئے آزاد چھوڑا جائے اور قطعاً کوئی دوسرا کام اس سے نہ لیا جائے اور اوسکو ہدایت کیجائے کہ اڈیٹر کی ہدایات کو خوب سمجھکر حساب اور رجسٹر حسابات کو موافق ہدایات مذکور مرتب کرے آیندہ مکرر تاکید کی ضرورت نہو۔ یہ بہی معلوم ہوا کہ شب کو فیکٹری کے کمپونڈ مین روشنی کا انتظام نہین ہے۔ بغرض حفاظت چند لالٹینو نکا انتظام ضروری ہے۔ نیز جہاڑیان کمپونڈ مین کثرت سے دیکہی گئین۔ جن کی صفائی ہونا چاہئے۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون ایک نقل روبکار گزٹ مین بہی شائع کیجائے۔

بدستخط جوڈیشل سکریٹری بہادر